# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON CABINET SECRETARIAT ON THE CIVIL SERVANTS (AMENDMENT) BILL

I, Chairperson of the Standing Committee on Cabinet Secretariat, have the honour to present this report on the Bill [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2020 moved by Jam Abdul Karim Bijar, MNA] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 10th March, 2020.

2. The Committee comprises the following:-

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Ms. Kishwer Zehra** | **Chairperson** |
| 2. | Mr. Saleem Rehman | Member |
| 3. | Mr. Ali Nawaz Awan | Member |
| 4. | Mr. Tahir Sadiq | Member |
| 5. | Mr. Muhammad Asim Nazir | Member |
| 6. | Mr. Aamir Talal Gopang | Member |
| 7. | Khawaja Sheraz Mehmood | Member |
| 8. | Mr. Muhammad Aslam Khan | Member |
| 9. | Ms. Uzma Riaz | Member |
| 10. | Mr. Muhammad Hashim | Member |
| 11. | Mr. Rasheed Ahmad Khan | Member |
| 12. | Mr. Ahmad Raza Maneka | Member |
| 13. | Rana Iradat Sharif Khan | Member |
| 14. | Ms. Shahnaz Saleem Malik | Member |
| 15. | Ms. Seema Mohiuddin Jameeli | Member |
| 16. | Mr. Raza Rabani Khar | Member |
| 17. | Mr. Roshanuddin Junejo | Member |
| 18. | Mir Ghulam Ali Talpur | Member |
| 19. | Syed Mehmood Shah | Member |
| 20. | Mr. Mohsin Dawar | Member |
| 21. | Minister-in-charge for Cabinet Secretariat | Ex-officio Member |

******

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at (Annex-A), in its meetings held on 11th August, 29th September, 2020 and recommended that the Bill may be passed by National Assembly. Note of Dissent submitted by Mr. Ali Nawaz Awan, MNA is placed at Annex-B.

Sd/-
**(MS. KISHWER ZEHRA)**
Chairperson

Sd/-
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
Islamabad, the 2nd February, 2021

Annex-A

# [AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

**A**

**Bill**

*further to amend the Civil Servants Act, 1973*

Whereas it is expedient further to amend the Civil Servants Act, 1973 (LXXI of 1973), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.** - (1) This Act may be called the Civil Servants (Amendment) Act, 2020.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Section 5, Act LXXI of 1973.**-In the Civil Servants Act, 1973, after section 5, for the full stop at the end, a colon shall be substituted and thereafter, the following proviso shall be added, namely:-

"Provided that a civil servant holding dual nationality or citizenship of any foreign country shall not be entitled for appointment."

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

Government servants must have their stakes in the country in which they hold positions of authority, privilege and trust. It has been observed that such Government servants hold dual nationality of foreign states, putting at stake the interest of the country of their origin and the moment they retire, they leave the country to evade accountability. There is need to ensure the loyalty of Government servants in the light of Article 5 of the Constitution. This Bill is designed to achieve the said object.

Sd/-
**JAM ABDUL KARIM BIJAR**
**Member, National Assembly**

## NOTE OF DISSENT ON BILL "THE CIVIL SERVANT (AMENDMENT), BILL, 2020 MOVED BY JAM ABDUL KARIM BIJAR, MNA

Overseas Pakistanis holding dual nationalities have significant contribution in the development of Pakistan. It is my considered opinion that imposing restriction on Overseas Pakistanis to be appointed in the services of Pakistan would not only discourage Overseas Pakistanis to contribute towards their homeland but the country would also loose technical/professional expertise.

I, therefore, submit my dissent on the "The Civil Servant (Amendment), Bill, 2020" moved by Jam Abdul Karim Bijar, MNA

**(ALI NAWAZ AWAN)**
Member
Standing Committee on Cabinet Secretariat

## قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

**دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء پر قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کی رپورٹ۔**

میں، چیئر پرسن قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ ۱۰ رمارچ، ۲۰۲۰ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ بل [دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل ۲۰۲۰ء پیش کردہ منجانب جام عبدالکریم بجار، رکن قومی اسمبلی] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | |
|---|---|
| ۱۔ محترمہ کشور زہرا | چیئر پرسن |
| ۲۔ جناب سلیم رحمان | رکن |
| ۳۔ جناب علی نواز اعوان | رکن |
| ۴۔ جناب طاہر صادق | رکن |
| ۵۔ جناب محمد عاصم نذیر | رکن |
| ۶۔ جناب عامر طلال گوپانگ | رکن |
| ۷۔ خواجہ شیراز محمود | رکن |
| ۸۔ جناب محمد اسلم خان | رکن |
| ۹۔ محترمہ عظمی ریاض | رکن |
| ۱۰۔ جناب محمد ہاشم | رکن |
| ۱۱۔ جناب رشید احمد خان | رکن |
| ۱۲۔ جناب احمد رضا مانیکا | رکن |
| ۱۳۔ رانا ارادت شریف خان | رکن |
| ۱۴۔ محترمہ شہناز سلیم ملک | رکن |
| ۱۵۔ محترمہ سیما محی الدین جمیلی | رکن |
| ۱۶۔ جناب رضا ربانی کھر | رکن |
| ۱۷۔ جناب روشن الدین جونیجو | رکن |
| ۱۸۔ میر غلام علی تالپور | رکن |
| ۱۹۔ سید محمود شاہ | رکن |
| ۲۰۔ جناب محسن داوڑ | رکن |
| ۲۱۔ وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۱۱ر اگست اور ۲۹ر ستمبر، ۲۰۲۰ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی بل کی منظوری دے۔ جناب علی نواز اعوان، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے پیش کردہ اختلافی نوٹ منسلکہ۔ب پر ہے۔

دستخط ر۔
(محترمہ کشور زہرا)
چیئر پرسن

دستخط ر۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

اسلام آباد، ۲ر فروری، ۲۰۲۱ء

منسلکہ الف

[ قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں ]

دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا دیوانی ملازمین (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۵ کی ترمیم:** دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں، دفعہ ۵ کے بعد، آخر میں وقف کامل کی بجائے شرحہ تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ دوہری شہریت یا کسی بیرونی ملک کی شہریت کا حامل کوئی دیوانی ملازم تقرری کا اہل نہیں ہوگا۔"

## بیان اغراض و وجوہ

سرکاری ملازمین کے ملک کے اندر مفادات ہونے چاہئیں جہاں وہ اختیار، استحقاق اور اعتماد کے حامل عہدوں پر فائز ہوتے ہیں۔ یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ ایسے سرکاری ملازمین دوہری شہریت کے حامل ہوتے ہیں اور اپنے اصل ملک کے مفادات کو خطرے میں ڈال دیتے ہیں اور وہ ریٹائر ہوتے ہی، احتساب سے بچنے کے لئے ملک چھوڑ جاتے ہیں۔ لہٰذا دستور کے آرٹیکل ۵ کی روشنی میں، سرکاری ملازمین کی وفاداری کو یقینی بنانے کی ضرورت ہے۔ اس بل کو متذکرہ مقصد کے حصول کے لئے وضع کیا گیا ہے۔

دستخط/۔

جام عبدالکریم بجار

رکن، قومی اسمبلی

منسلکہ ب

## جام عبدالکریم بجار، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے پیش کردہ بل

## "دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء پر اختلافی نوٹ

دوہری شہریت کے حامل سمندر پار پاکستانیوں نے پاکستان کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ میری محتاط رائے یہ ہے کہ سمندر پار پاکستانیوں پر پاکستان کی ملازمتوں میں تقرریوں پر پابندیاں لگانے سے نہ صرف سمندر پار پاکستانیوں کے اپنے ملک کے لئے ادا کئے جانے والے کردار کی حوصلہ شکنی ہو گی بلکہ ملک ٹیکنیکل/پیشہ وارانہ ماہرین سے بھی محروم ہو جائے گا۔

لہٰذا میں جام عبدالکریم بجار، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے پیش کردہ دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۰ء پر اپنا اختلافی نوٹ جمع کراتا ہوں۔

دستخط/-

(علی نواز اعوان)

رکن

قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ